سوال

(732) سوتے وقت کون سی سورتیں پڑھنا ثابت ہیں نام بتا دیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآنِ مجید میں کتنی آیات درج ہیں جو منسوخ ہو چکی ہیں؟ وہ کون کون سی آیات ہیں اور کن کن آیات سے منسوخ ہوئی ہیں۔ تفصیل درج فرمادیجئے؟ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الم تنزیل السجدہ، سورۃ الملک، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔

[نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سونے سے قبل سورۃ الم السجدہ اور سورۃ الملک پڑھا کرتے تھے۔] 1

آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سورۃ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر اپنی ہتھیلیوں پر پھونکتے اور پھر انہیں پورے جسم پر مل لیتے، پہلے سر چہرے اور جسم کے اگلے حصے پر ہاتھ پھیرتے اس کے بعد جہاں تک آپ کے ہاتھ پہنچتے تین مرتبہ ایسا کرتے تھے۔ 2

[رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات کو بنی اسرائیل اور سورۃ زمر کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔] 3

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 732

محدث فتویٰ